© rasailojaraid.com

ڈاکٹر فوزیہ اسلم

انگریزی آمیزی کا رجحان اور اُردو اخبارات

(روزنامہ ''ایکسپریس'' کے خصوصی حوالے سے)

کچھ عرصے پہلے تک ذرائع ابلاغ سے مراد صرف پرنٹ میڈیا یعنی اخبارات ہی لی جاتی تھی مگر اب اس میں الیکٹرانک میڈیا یعنی ریڈیو، ٹیلی ویژن کے ساتھ ساتھ دیگر سائنسی ایجادات یعنی فیس بک، ٹوئٹر، انسٹاگرام وغیرہ شامل ہونے سے اس کا دائرہ کافی وسیع ہو گیا ہے اور ابلاغ کا عمل بھی تیز تر ہو گیا ہے۔ یہ ذرائع نہ صرف عوام کو حالات حاضرہ سے باخبر رکھنے کا فریضہ احسن طریقے سے انجام دے رہے ہیں بلکہ عوام کو تفریح بھی فراہم کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ علمی، ادبی، مذہبی، سماجی، فنی غرض ہر شعبہ ہائے زندگی سے متعلق معلومات بھی فراہم کرتے ہیں۔ تاہم اس صورت حال کا ایک منفی پہلو یہ بھی ہے کہ اس ذرائع ابلاغ کے عمل میں انگریزی الفاظ، مرکبات، فقرات، محاورات وغیرہ کا کثرت سے استعمال کر رہے ہیں۔ ان میں سے بیش تر انگریزی الفاظ و مرکبات کے اردو مترادفات ہونے کے باوجود انگریزی متبادلات کے استعمال کا رجحان ایک سوالیہ نشان ہے۔ چنانچہ زیرِ نظر مقالہ اسی تناظر میں اردو اخبارات میں استعمال ہونے والے انگریزی الفاظ، مرکبات، فقرات کو اپنا موضوع بناتا ہے جن کے اردو مترادفات روزمرہ بول چال کا جزو ہونے کے باوجود استعمال نہیں کیے جا رہے ہے۔

دنیا کی ترقی یافتہ سے ترقی یافتہ زبان بھی اس بات کا دعویٰ نہیں کر سکتی کہ وہ دوسری زبانوں کے اثرات یا الفاظ سے یک سر خالی ہے۔ جس طرح ایک قوم یا ملک کے لیے ضروری ہے کہ وہ نہ صرف ہم سایہ ممالک یا قوموں بلکہ دور دراز کے ملکوں اور قوموں سے بھی زیادہ سے زیادہ تعلقات و روابط قائم کرے۔ بالکل اسی طرح کسی زندہ رہنے والی زبان کے لیے بھی ضروری ہے کہ دوسری زبانوں سے اس کا ربط و ضبط کسی نہ کسی صورت بڑھتا رہے۔ اس کے بغیر نہ کوئی زبان بین الاقوامی مسائل میں حصہ لے سکتی ہے اور نہ کوئی زبان بین الملکتی ربط و اتحاد کا ذریعہ بن سکتی ہے۔ اسی لیے زبانوں کا ایک دوسرے سے استفادہ ناگزیر ہے۔ اس تناظر میں اردو زبان کا جائزہ لیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اردو نے اپنے تمام رنگ برصغیر کی مقامی زبانوں ہندکو اور پالی (شمالی پنجاب)، ہندی/ ہندوی (وسطی پنجاب) دکھنی (جنوبی ہند)، اپ بھرنش (شمالی ہند) اور کھڑی بولی (اطراف دہلی) وغیرہ سے حاصل کیے ہیں۔ جسے قدیم زمانے میں یونانی بعد ازاں فارسی، عربی پھر یورپی زبانوں خاص طور پر انگریزی کے ساتھ اشتراک عمل سے اپنا رنگ و روپ ملا۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری کے الفاظ میں کہ:

> ''اردو ایک بین الاقوامی مزاج کی زبان ہے اور اس میں صرف عربی، فارسی یا مقامی بولیوں کے الفاظ ہی نہیں بلکہ دنیا کی ہر قوم اور ہر زبان کے الفاظ کم و بیش شامل ہیں۔''[۱]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اس حوالے سے دیکھا جائے تو ہر زبان میں مقامی/ دیسی الفاظ کے ساتھ ساتھ غیر ملکی یا بدیسی الفاظ کا وافر ذخیرہ ملتا ہے۔ غیر ملکی الفاظ کے لیے مستعار اور دخیل کی اصطلاحات بھی استعمال ہوتی ہیں۔ دوسری زبان سے لیے جانے والے لفظ میں صوتی، فونیمی، صرفی، نحوی یا معنوی سطح پر کوئی تبدیلی واقع نہ ہو اور لفظ کو بغیر کسی تبدیلی کے ہو بہو استعمال کیا جائے تو مستعار لفظ کہلاتا ہے۔ تاہم صوتی، فونیمی، صرفی یا معنوی سطح پر کسی بھی قسم کا تغیر اسے دخیل الفاظ کے زمرے میں لے آتا ہے۔ زیر نظر مقالہ اردو زبان میں استعمال ہونے والے انگریزی الفاظ سے متعلق ہے۔ علی گڑھ تحریک کی ایک عطا یہ بھی تھی کہ اس نے ہندوستانی مسلمانوں کو انگریزی خیالات کے ساتھ ساتھ انگریزی الفاظ لینے پر بھی مائل کیا۔ سرسید اور ان کے رفقاء خصوصاً حالی اور شبلی کی تحریروں میں جا بجا اسے انگریزی الفاظ ملتے ہیں جن کے اردو مترادفات اردو میں موجود تھے۔ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی اپنے مضمون ''جنگ آزادی کا اثر زبان پر''[۲] میں رقم طراز ہیں کہ انگریزی کے جو الفاظ اردو میں آئے وہ تین طرح کے ہیں۔ پہلے وہ الفاظ جو دفتری یا عدالتی زبان سے تعلق رکھتے تھے اور جن کا استعمال عوام اور خواص دونوں کرتے تھے۔ بظاہر یہ ایسے الفاظ تھے جو آہستہ آہستہ اردو میں گھل مل کر اردو بن گئے۔ دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو ہماری عام تہذیبی اور سماجی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں ان میں اکثر ان چیزوں کے نام ہیں جو انگریزی کے ذریعے سے ہم تک پہنچیں۔ ایسے بے شمار الفاظ ہیں جو خاص و عام کی زبان پر رواں ہو گئے۔ الفاظ کا تیسرا اور نہایت اہم ذخیرہ ادبی، علمی اور فنی الفاظ کا ہے لیکن یہ تمام الفاظ صرف اجنبی لغات کی حیثیت سے اردو میں شامل نہیں ہوئے بلکہ اپنے ساتھ نئے تصورات، نظریات اور نئی تشریحات لے کر آئے۔ لیکن اس تمام عمل کا ایک منفی پہلو یہ بھی ہے کہ انگریزی چوں کہ حکمران طبقے کی زبان تھی اس لیے انگریزی الفاظ کا استعمال مہذب ہونے کی نشانی سمجھا جانے لگا اور آج صورت حال یہ ہے کہ پاکستان میں انگریزی کو اشراف کی تعلیم، امارت، شہری اور اعلیٰ طبقے کی تربیت اور بلند مرتبے کی ایک علامت خیال کیا جانے لگا ہے۔ بہت سے افراد مغربی طور اطوار کی پیروی کرتے ہیں اور اپنی برتری ظاہر کرنے کے لیے انگریزی زبان بولتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ پاکستان کے کسی بھی خطے میں جائیں یا کسی محفل میں شریک ہوں ہر جگہ ایک ہی نوعیت کے مسئلے پر بحث نظر آتی ہے کہ اردو روز مرہ میں انگریزی کے بڑھتے استعمال کا رجحان آخر کس انجام پر منتج ہو گا خاص طور پر نشر و اشاعت کے ذرائع یعنی ریڈیو، ٹی۔ وی اور اخبارات میں انگریزی الفاظ کے کثرت سے استعمال نے کئی سوال اٹھائے ہیں جن کا جواب تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔

انگریزی الفاظ کے استعمال کے حوالے سے اردو روزنامہ ''ایکسپریس'' کا انتخاب کیا گیا ہے۔ یہ اخبار ۳ ستمبر ۱۹۹۸ء سے کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد، گجرانوالہ، سرگودھا، راولپنڈی، رحیم یار خان اور سکھر سے مسلسل شائع ہو رہا ہے۔ روزنامے کا نام ہی انگریزی میں ہے یعنی روزنامہ ''ایکسپریس'' اسلام آباد۔[۳] زیر نظر اخبار چوبیس صفحات اور ایک ہفتہ وار رسالے پر مشتمل ہے، رسالے کو طوالت کے ڈر سے شامل نہیں کیا گیا۔ نیز اخبار میں سے فقط سرخیوں اور اشتہارات کا مطالعہ کیا گیا ہے اور خبروں کی تفصیل سے صرف نظر کیا گیا ہے تاہم موضوع کی مطابقت سے محض سرخیاں اور اشتہارات بھی تحقیقی نتائج اخذ کرنے کے لیے کافی مواد فراہم کرتے ہیں۔ اخبار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

میں دس مرکزی عنوانات کے تحت خبریں تقسیم کی گئی ہیں۔ان دس عنوانات میں سے فقط ایک عنوان کا اردو متبادل دیا گیا ہے وگرنہ باقی تو عنوانات صرف انگریزی زبان میں ہی ہیں جیسے سٹی City/ نیشنل National/ سپورٹس Sports/ میٹرو پولیٹین Metropolitan/ شوبز Showbiz/ گردونواح Regional/ ایڈیٹوریل/ کلاسیفائیڈ/ بزنس Business، سوشل میڈیا۔[۴] اخبار میں جن عنوانات کو رومن اور نستعلیق رسم الخط میں لکھا گیا ہے ان کی یہاں تحریر میں اسی طریقے کو مدنظر رکھا گیا ہے اور جو عنوانات صرف نستعلیق میں ہیں انھیں یہاں بھی رومن میں نہیں لکھا گیا۔اب سرخیوں اور اشتہارات سے مثالیں ملاحظہ کریں۔ان مثالوں میں انگریزی زبان کے انھی الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے۔جن کے اردو مترادفات نہ صرف زبان میں موجود ہیں بلکہ عام استعمال بھی کیے جاتے ہیں۔اس کے باوجود ان انگریزی الفاظ کا استعمال ایک سوال بن کر سامنے آتا ہے۔نیز انگریزی لفظ کو بطور مثال ایک بار ہی لکھا گیا ہے اور اگر وہ لفظ دوبارہ کسی خبر کا حصہ بنا تو اسے شامل نہیں کیا گیا:

☆ پاناما پر سپریم کورٹ کے فیصلے نے نواز شریف کی اخلاقی حیثیت ختم کر کے اصل کرپٹ چہرہ دکھا دیا۔
☆ کرپشن کے خلاف ملک گیر تحریک چلاؤں گا۔
☆ اللہ مجھے زرداری جیسا عقل مند سیاست دان نہ بنائے، چیئرمین تحریک انصاف۔
☆ قائم مقام چیف ایگزیکٹو کا چارج بھی واپس۔
☆ ہائیکورٹ بار کا ۲ روزہ الٹی میٹم۔
☆ وکلاء کنونشن اور آل پارٹیز کانفرنس بلا کر آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔
☆ لاہور کے ریلوے اسٹیڈیم میں سالانہ گیمز کی تقریب ہو رہی تھی۔
☆ گالم گلوچ بریگیڈ ذاتیات پر اتر آیا۔
☆ جے آئی ٹی کے لیے نام فائنل نہ ہو سکے۔
☆ حملہ اپنے لیڈروں کی ہلاکت کا جواب تھا۔
☆ مسٹر ہنڈرڈ پرسنٹ ہمیں درس دے رہے ہیں۔
☆ ...عابد شیر علی، ریلی نکالی۔
☆ ٹرائل ملٹری کورٹ میں ہونا چاہیے۔[۵]
☆ مردم شماری، جڑواں شہروں کے لیے سیکورٹی پلان تشکیل۔
☆ افسر کا انگوٹھا فریکچر، اہل کار کے ناک کی ہڈی ٹوٹ گئی۔
☆ گیلانی کے سابق میڈیا ایڈوائزر خرم رسول بری۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا نجی اسکول کی تقریب میں پوزیشن ہولڈر طالب علم کے ہمراہ فوٹو۔

☆ اسلام آباد، ماتحت عدالتوں کے ججز کی ترقی کا نوٹیفکیشن جاری۔

☆ خاتون اول فری میڈیکل کیمپ میں ۲۰۰۵ء کے زلزلے میں معذور ہونے والی خواتین سے گفتگو کر رہی ہیں۔

☆ ۵ ریزرز کا اکانومی پیک۔

☆ "KAMAL" لکھ کر ۹۸۹۸ پر SMS کریں۔

☆ EFU Life کے پروٹیکشن، سیونگز، انویسٹمنٹ، ریٹائرمنٹ، بچوں کی ایجوکیشن اور میرج پلانز کے ذریعے... اپنی منزل کا حصول یقینی بنائیں۔

☆ Life Zaroori Hai۔

☆ آج رات ۱۰:۰۵PM۔

☆ ایران جوہری ڈیل پر جلد واضح موقف اختیار کریں گے: ٹرمپ۔

☆ ...گینگسٹرز کا گرنیڈ حملہ، ۱۶ زخمی۔

☆ بڈگام کے گاؤں حیات پورہ میں فورسز پر حملہ کیا گیا۔

☆ جے آئی ٹی کے بجائے جوڈیشل کمیشن بننا چاہیے تھا: اعتزاز۔

☆ ....دہشتگردوں کے تین کیمپ مسمار۔

☆ ۹۷ مشکوک ٹرانزیکشن کے خلاف تحقیقات کا انکشاف۔

☆ مشکوک آمدن: کم ڈاکومنٹیشن والے شعبوں میں انویسٹ کی جا رہی ہے: رپورٹ۔

☆ غیر علانیہ لوڈشیڈنگ بھی جاری۔

☆ کراچی کو پانی فراہمی کے لیے سندھ حکومت کی وفاقی حکومت کو سمری۔

☆ کنسلٹنٹ کے لیے خصوصی پیکج۔

☆ ابتدائی ٹیسٹ مکمل تیاری بمعہ آؤٹ ڈور ٹاسک

☆ سٹوڈنٹس کے لیے خصوصی آفر۔

☆ آرمی/نیوی/ایئر فورس...

☆ ۱۰۰۰۰ سے زائد MCQ's پر کمپیوٹر بیسڈ آن لائن پریکٹس ٹیسٹ کریں۔

☆ آن لائن ٹیسٹ دے کر اپنی پرفارمنس خود چیک کریں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ ۳عدد امپورٹیڈ بوائلرز...

☆ معائنہ اور شرائط وضوابط...کا وزٹ اس اشتہار کے پندرہ دن کے اندر دفتری اوقات میں کیا جاسکتا ہے۔

☆ پیش کش کے ہم راہ بولی...بشکل کیش یا بینک ڈرافٹ بحق حلیب فوڈز منسلک کیا جائے۔

☆ کام یاب ٹینڈر دہندہ سے گورنمنٹ آف پاکستان کے نافذ کردہ سیلز ٹیکس ایکٹ ۱۹۹۰ء کے مطابق...وصول کیا جائے گا۔

☆ اعلیٰ تعلیم یافتہ آرتھوک پیڈک ماہر، جو خصوصی جوائنٹ ریپلسمنٹ...میں مہارت رکھتے ہیں۔

☆ ...وہ اپنے فری چیک اپ کے لیے نیچے دیے گئے نمبر پر رابطہ کریں۔

☆ صرف کال کریں۔SMS کا جواب نہیں دیا جائے گا۔

☆ IELTS میں 5.0 Bands لینے والے سٹوڈنٹس بھی اپلائی کر سکتے ہیں۔

☆ فورٹس ہسپتال انڈیا سے لیور ٹرانسپلانٹ کی سپیشلسٹ ٹیم ۳۰ اپریل تا ۱۰ مئی ۲۰۱۷ء کو راول پنڈی آ رہی ہے۔

☆ فیصل ٹاؤن مین گیٹ کی آئیڈیل لوکیشن پر کنسٹرکشن کا باقاعدہ آغاز۔

☆ پارکس، کھیلوں کے میدان، ہاسپٹل، سیکورٹی، بجلی، پانی، گیس۔

☆ ۱۳۰۰ اسکوائر فٹ...۷۔

☆ قرارداد ۱۵ اپریل کو تمام لیگی ایم پی ایز جمع کرائیں گے۔

☆ اپوزیشن آدھا فیصلہ تسلیم کر رہی ہے۔

☆ ہولی فیملی ہسپتال کے شعبہ گائنی میں ناقص صفائی۔

☆ سالانہ میوزک میلہ آج پی این سی اے میں ہوگا۔

☆ بھٹو کیس کا فیصلہ بھی ایسا ہی تھا۔

☆ ہمارے ہاں نقل، بوٹی مافیا کا کوئی تصور نہیں۔

☆ حالات کنٹرول میں ہیں، کمانڈنٹ۔

☆ چائلڈ لیبر ختم۔

☆ قوم اگلے الیکشن میں بددیانت، جھوٹوں کو پوری طرح بے نقاب کرے گی۔

☆ عمران کے وزیر اعظم بننے کا راستہ کلیئر نہیں: ریحام خان

☆ وزیر اعظم کے نوٹس کے بعد لوڈ شیڈنگ ختم ہوئی۔

☆ ارتھ ڈے کے موقع پر ایک خاتون پینٹنگ کے مقابلے میں شریک ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ شعبہ ایمرجنسی کو جدید بنارہے ہیں: میسرّ انصر عزیز

☆ صوفی فین: ٹھیکے دار اور ڈیلرز کے لیے مزید رعایت

☆ تمام ڈویلپمنٹ اخراجات سمیت صرف اور صرف ۶ لاکھ ۵۰ ہزار روپے کا ۵ مرلہ پلاٹ۔

☆ کشادہ پکی سڑکیں، بجلی اور انڈر گراؤنڈ سیوریج

☆ ویزہ خرچ، ایئر ٹکٹ اور زیارات بھی شامل ہیں۔

☆ چار عدد تصاویر (نیلا بیک گراؤنڈ) ۸

☆ مونا کو: موئنی کارلو… اسپنش پلیئر… لوکاس پاؤلی کے خلاف گیند ریٹرن کررہے ہیں۔

☆ ماریا شرابوا کے وائلڈ کارڈ پر تنقید کرنے والے پلیئرز حاسد ہیں، ایجنٹ

☆ ایشین اسکواش: فرحان محبوب شرکت نہیں کر سکیں گے۔

☆ بیسٹمینوں کو شارٹ پچ اور باہر جاتی ہوئی گیندوں کو کھیلنے سے اجتناب کرنا ہوگا۔

☆ رگبی کوچنگ کورس: سری لنکن آفیشل کی لاہور آمد۔

☆ انٹر کالجیٹ ٹینس چیمپئن شپ کا آج آغاز ہوگا۔ ۹

☆ محمد عامر نے بہتر کارکردگی کا کریڈٹ بولنگ کوچ کو دے دیا۔

☆ معاوضوں پر آسٹریلوی بورڈ کی ٹال مٹول، پلیئرز کی فرسٹریشن میں اضافہ۔

☆ شارٹ سنگلز: آئی پی ایل: ۱۷ سال اسپنر سندر کا ڈیبیو۔

☆ سائیکلیسٹ کی روڈ حادثے میں ہلاکت۔

☆ بنگلہ دیشی سینٹرل کنٹریکٹ لسٹ تیار۔

☆ کمزور پلاننگ کے سبب انڈین بیٹنگ کو سنبھلنے کا موقع ملا: عبدالقادر

☆ آئی سی سی کو جھکانے کے لیے بھارتی ہوم ورک مکمل۔

☆ دباؤ ڈالنے کے لیے چیمپئنز ٹرافی کا بائیکاٹ کا آپشن کھلا۔ ٹیم کے اعلان میں تاخیر متوقع۔

☆ آئی پی ایل: دھونی کا بیٹ بھی حرکت میں آگیا۔

☆ بدتمیزی پر ایکریڈیٹیشن منسوخ کردیا گیا۔ آئی ٹی ایف نے انکوائری شروع کردی۔

☆ مایوس کن سیریز کے بعد سری لنکن کوچنگ سٹاف اور سپورٹ اسٹاف جھگڑنے لگا۔

☆ …لوگوں نے اسکواڈ میں رکھنا چاہا تو انکار نہیں کروں گا: سینئر بیٹسمین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ بلوچستان کے خلاف افتخار احمد کی سنچری

☆ جمیئز ٹرافی کے اسکواڈ میں عمر اکمل کو بطور "پاور ہٹر" شامل کرنے کی تیاریاں۔

☆ سیکورٹی گارڈ نے نیٹیس کو گھسیٹ کر کورٹ سے باہر نکالا۔

☆ نسیل جارح مزاج اوپنر بن گئے۔

☆ سوز وواٹر پارک جانے کا موسم آ گیا۔

☆ انگلش اسٹار کا کھیلنے سے انکار: میچ ۱۰ منٹ معطل رہنے کے بعد مکمل ہوا۔

☆ پارک اوقات 10 AM to 6 PM تا۔

☆ بحریہ انکلیو کی سب سے شاندار لوکیشن، بہترین لائف اسٹائل کی ضمانت۔

☆ ہر سائز کی شاندار دکانیں، ماڈرن دفاتر، لگژری اپارٹمنٹس اور پینٹ ہاؤسز۔

☆ کچن اور باتھ روم میں برانڈڈ فکسچر، سرونٹ کوارٹرز۔

☆ علامہ اقبال ائیر پورٹ سے ۱۵ منٹ اور کلمہ چوک سے ۱۳ منٹ سگنل فری ڈرائیو۔

☆ ۱۰ کلومیٹر طویل لینئر پارک... ۳۰۰ فٹ کی مین بلیوارڈ۔

☆ ڈپلومیٹک انکلیو... ۳۹۰ کنال تھیم پارک

☆ ایک ہزار کنال کا میگا پارک۔

☆ اتوار کو آفس کھلا رہے گا۔!!

☆ راولپنڈی، ٹرین کی زد میں آ کر نامعلوم شخص جاں بحق۔

☆ ٹائر پھٹنے سے ہائی ایس وین بے قابو ہو کر درخت سے جا ٹکرائی۔

☆ راولپنڈی، سیکورٹی اداروں کا آپریشن، ۶ مشتبہ افراد گرفتار۔

☆ ۱۶۰ گھروں کی چیکنگ، اسلحہ اور شراب برآمد۔

☆ مکینوں کا کنٹونمنٹ دفتر کے گیٹ پر دھرنا۔

☆ واپڈا میں کل ملک گیر سطح پر سیفٹی ڈے منایا جائے گا۔

☆ ... پنجاب کالجز نے ... سبجیکٹ سپیشلسٹس کی موجودگی میں ... سہولت کو یقینی بنایا ہے۔

☆ ۵ مرلہ ڈبل سٹوری گھر۔

☆ مائکروسوفٹ سے تربیت یافتہ سرٹیفائیڈ ٹیچرز

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ ملکی وغیر ملکی پروفیشنل اساتذہ کے ویڈیو لیکچرز

☆ وسیع وعریض گراؤنڈ،۱۱۴اقسام کی ان ڈور اور آؤٹ ڈور سپورٹس۔

☆ ویڈیو لیکچرز کے ذریعے مشکل Concepts کو آسان بنایا جاتا ہے۔۱۲؎

☆ مسجد، مندر، چرچ جانا پسند ہے، اداکارہ۔

☆ خرم حسین، ماریا اونیزہ مشترکہ ویڈیو ریلیز کریں گے۔

☆ کراچی: فیشن ویک کے دوسرے روز ماڈل ریمپ پر واک کرتے ہوئے۔

☆ سنجے دت کی فلم ''بھومی'' کی ریلز کا شیڈول تبدیل۔

☆ لکھنو میں شوٹنگ کے دوران اذان کی آواز آتی تھی تو اس میں محو ہو جاتی تھی۔

☆ انجلینا جولی کو برطانوی بزنس مین پسند آ گیا، جلد شادی کا فیصلہ

☆ کامیڈین سنیل گروور کا اکشے کمارے کے ساتھ ''مہا گرو'' شو کرنے سے انکار۔

☆ ایلبیا سٹرابری بریسٹ کینسر روکنے سے مفید ہے۔

☆ لاس اینجلس میں آئس کریم میوزیم کھل گیا۔۱۳؎

☆ چکوال: پولیس کے سرچ آپریشن، ۷ ملزمان گرفتار۔

☆ چکوال: ریسکیو۱۱۲۲ کی ایمرجنسی سے نمٹنے کی مشق۔

☆ افسران نے ریسکیو رکا سوئمنگ، بوٹ چلانے کی مہارتوں کا ٹیسٹ لیا۔

☆ یونین کونسل مواڑہ کو ماڈل بناؤں گا۔ چیئرمین عبدالروف راجہ۔

☆ ضلعی افسر سپیشل ایجوکیشن کی نااہلی، کوٹلی ستیاں سنٹر بند ہونے کا خدشہ۔

☆ مسلح افواج سے ریٹائرڈ، کم از کم میجر رینک کے آفیسرز۔۱۴؎

☆ عدلیہ کا فیصلہ...چیلنج، ویک اپ کال۔

☆ لائف لائن...آؤٹ یا ناٹ آؤٹ۔۱۵؎

☆ فلیٹس اور شاپس آسان اقساط پر۔

☆ گلستان کالونی گھر فار سیل/ ڈبل سٹوری ہاؤس فار سیل/ ڈھوک پراچہ ہاؤس فار رینٹ۔

☆ موٹروے ہاؤسنگ اسکیم ٹھلیاں انٹرچینج میں جنرل پبلک ڈائریکٹ الاٹمنٹ کے لیے رابطہ کریں۔

☆ پلاٹ ۱۰ مرلہ، کنال، ۲ کنال علاوہ کمرشل سیل پرچیز کے لیے اعتماد کے ساتھ رابطہ کریں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ وفاقی ملازمین جن کو Consent لیٹر جاری ہو چکے ہیں، فروخت کے لیے رابطہ کریں۔

☆ اگر آپ پارٹ ٹائم یا فل ٹائم نوکری کی تلاش میں ہیں اور آپ کے پاس نوکری کا تجربہ بھی نہیں تو آیئے ہمارے ساتھ۔

☆ ہمیں اردو بیسٹ کال سینٹر ایوننگ شفٹ میں میل فی میل CSR's کی ضرورت ہے۔

☆ احسن ڈرائیونگ اسکول: اسپیشل ڈسکاؤنٹ۔

☆ فوجی بھائیوں کے پلاٹس کی Best آفر۔

☆ ٹویوٹا وٹز ۲۰۱۳ء فریش امپورٹ/ بہترین سکول برائے پارٹنرشپ۔

☆ بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن/ بزنس اینڈ پروفیشن۔

☆ گلبرگ اسلام آباد میں ریذیڈنشل اور فارم ہاؤسز کی خرید و فروخت کے لیے رابطہ کریں۔۱۶

☆ ہیلتھ اینڈ فیٹنس/ کمپیوٹر سیل/ میرج ہیلپ/ ۱۰ سالہ گارنٹی والے سستے زیورات۔

☆ ۵ دن میں چہرے کے ڈنٹ کمزور جسم سے نجات/ ضرورت برائے ٹیچر۔

☆ اسٹوڈنٹس کے لیے سنہری موقع/ ڈرائیورز، کک، میڈ دستیاب/ بینک لون آفر۔

☆ ضرورت برائے نیو آفس/ ارجنٹ سٹاف میل، فی میل/ لیڈیز ٹیلر درکار۔۱۷

☆ میجک پاور سے شان دار ازدواجی زندگی/ پک اینڈ ڈراپ۔

☆ ٹیسٹ/ انٹرویو ڈیلیگیشن کی موجودگی میں ۱۷۔۴۰۔۲۴ سے شروع ہوں گے۔

☆ کمپی ٹینسی کا کلاس I سرٹیفکیٹ/ تقرری ابتدائی طور پر ۲ سالہ مدت کے لیے کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہوگی۔۱۸

☆ پیشکش مورخہ ۸ مئی ۲۰۱۷ء کو... ریجنل آفس، ویسٹرج ۔I میں وصول کی جائیں گی۔۱۹

☆ رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کے قیام کا اصولی فیصلہ/ انفلیشن سال بہ سال ۲۴ فیصد بلند۔

☆ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیویلپر مارکیٹ کے لیے کنسلٹنٹ سے رابطہ کریں۔

☆ ہر قسم کی اراضی کی ویلیو، لین دین و دیگر ڈیٹا ماہانہ جاری کیا جائے گا۔

☆ بڑے پیمانے پر خریداری کے جعلی آرڈر جاری اور مصنوعی مارکیٹ قائم کرنے میں ملوث۔

☆ چیئرمین ایس ای سی پی کا فراڈ روکنے کے لیے اقدامات کا حکم۔

☆ میڈیا اور تعلیمی اداروں کو کردار ادا کرنا ہوگا۔

☆ ای مانیٹرنگ نظام، عالمی کمپنی ہائر کرنے کے لیے سٹینڈر تیار۔

☆ کمپنی ۱۵ اہم شعبوں کی پیداوار و سپلائی کی ای مانیٹرنگ اور ٹریکنگ کا نظام تیار کرے گی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ رولز میں ترامیم کی منظوردے دی گئی۔

☆ فلور ملز کے بھی ۱۵ارب روپے ری بیٹ میں پھنس گئے۔

☆ اوپر دی گئی تاریخوں میں دفتری اوقات کے دوران ٹینڈر ڈ فارم ایشو کیے جائیں گے۔[۲۰]

☆ اب انسٹاگرام پر تصاویر شیئر کرنے کے لیے انٹرنیٹ ضروری نہیں۔

☆ فیس بک کلچر جنھیں پڑھنا چاہیے وہ لکھ رہے ہیں۔

☆ انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا کا ایک منفی پہلو۔[۲۱]

☆ نیا ٹیلنٹ روشن مستقبل کی نوید بنانے لگا۔[۲۲]

اب خط کشیدہ انگریزی الفاظ کے اردو مترادفات ملاحظہ کریں: جن کے سرسری مطالعے سے یہ حقیقت عیاں ہوئی کہ ان کے اردو مترادفات روزمرہ بول چال کا حصہ ہونے کے باوجود اخبار میں درج نہیں کیے گئے۔

اُردو مترادفات[۲۳]	رومن	English	اُردو مترادفات[۲۳]	رومن	English
عدالت عظمیٰ	سپریم کورٹ	Supreme Court	آخری انتباہ	الٹی میٹم	Ultimatum
بدعنوان	کرپٹ	Corrupt	کُل جماعتی	آل پارٹیز	All Parties
بدعنوانی	کرپشن	Corruption	اجلاس	کانفرنس	Confrence
سربراہ۔صدر۔نشین	چیئرمین	Chairman	اجلاس۔جلسہ	کنونشن	Convention
ذمے داری۔فریضہ۔عہدہ	چارج	Charge	کھیل	گیمز	Games
عدالت عالیہ	ہائی کورٹ	High Court	دستہ۔تنظیم	بریگیڈ	Brigade
مقدمہ	کیس	Case	رہنما۔قائد	لیڈر	Leader
افواج	فورسز	Leader	حقائق کا بیان	رپورٹ	Report
آخری۔حتمی	فائنل	Final	شادی	میرج	Marriage
زمین	لینڈ	Land	منصوبے	پلانز	Plans
تنظیم۔گروہ۔قانون شکن/ (مجرموں کی)	مافیا	Mafia/Maffia	زندگی۔حیات	لائف	Life
سربراہ۔سردار	چیف	Chief	سودا۔معاہدہ	ڈیل	Deal

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Judicial	جیوڈیشل	عدالتی/ججوں کا	Trial	ٹرائل	مقدمہ۔سماعت
Gangsters	گینگسٹرز	جرائم پیشہ۔بدمعاش	Military Court	ملٹری کورٹ	فوجی عدالت
Grenade	گرنیڈ	دستی بم	Security	سیکورٹی	تحفظ۔حفاظت
Camp	کیمپ	ٹھکانا۔پڑاؤ	Plan	پلان	منصوبہ۔تجویز
Transaction	ٹرانزیکشن	لین دین۔سودا۔کارروائی	Fracture	فریکچر	ہڈی ٹوٹنا
Documentation	ڈاکومینٹیشن	دستاویزی ثبوت	Media	میڈیا	ذرائع ابلاغ
Invest	انویسٹ کرنا	سرمایہ/روپیہ لگانا	Advisor	ایڈوائزر	مشیر
Load Sheding	لوڈشیڈنگ	بجلی کی بندش	Position.Holder	پوزیشن ہولڈر	اعزاز یافتہ۔درجہ پانے والا/والی
Summary	سمری	خلاصہ۔تلخیص	Photo	فوٹو	تصویر
Consultant	کنسلٹنٹ	مشیر	Notification	نوٹفکیشن	تحریری اطلاع/اعلان
Package	پیکج	پلندہ	Free Medical Camp	فری میڈیکل کیمپ	مفت طبی مرکز
Test	ٹیسٹ	امتحان۔آزمائش	Razors	ریزرز	استرے
Out door	آوٹ ڈور	بیرونی	Economy.Pack	اکانومی پیک	بچت پلندہ
Task	ٹاسک	ذمے داری۔کام۔مہم	SMS	ایس ایم ایس	پیغام
Students	سٹوڈنٹس	طالب علم۔طلبہ	Protection	پروٹیکشن	تحفظ۔حفاظت۔بچاؤ
Offer	آفر	پیشکش	Savings	سیونگز	بچت۔بچتیں
MCQ's	ایم سی کیوز	کثیرالانتخابی سوالات	Investment	انویسمنٹ	سرمایہ کاری۔روپیہ لگانا
Classes	کلاسز	جماعتیں	Education	ایجوکیشن	تعلیم
Hospitals	ہاسپٹلز	ہسپتال	Based	بیسڈ	بنیاد(پر)
Square	اسکوائر	مربع	Practice	پریکٹس	مشق۔مہارت
M.P.A's	ایم پی ایز	ارکان صوبائی اسمبلی	Performance	پرفارمنس	کارکردگی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Opposition	اپوزیشن	حزب اختلاف	Check	چیک کرنا	معائنہ کرنا۔ دیکھنا
Gyne	گائنی	امراض نسواں	Imported	امپورٹڈ	درآمد شدہ
Msic	میوزک	موسیقی	Visit	وزٹ	معائنہ۔ دورہ
Case	کیس	مقدمہ	Cash	کیش	نقد۔ نقدی
Orthopaedic	آرتھوپیڈک	جسمانی نقائص کے علاج سے متعلق	Govt. of Pak.	گورنمنٹ آف پاکستان	حکومت پاکستان
Control	کنٹرول	قابو۔ اختیار	Sales Tax	سیلز ٹیکس	محصول۔ فروخت/بکری محصول
Commandent	کمانڈنٹ	سالار۔ کمیدان	Act	ایکٹ	آئین۔ دفعہ۔ قانون
Election	الیکشن	انتخاب	Joint Replacement	جوائنٹ ریپلیسمنٹ	جوڑوں کی تبدیلی
Clear	کلیئر	شفاف۔ واضح	Free Checkup	فری چیک اپ	مفت معائنہ
Notice	نوٹس	توجہ۔ دھیان	Apply	اپلائی کرنا	امیدوار یا طالب ہونا/ درخواست دینا
Earth Day	ارتھ ڈے	یوم ارض	India	انڈیا	بھارت
Painting	پینٹنگ	نقاشی۔ مصوری	Liver. Transplant	لیور ٹرانسپلانٹ	جگر کی منتقلی
Emergency	ایمرجنسی	حادثات۔ ہنگامی حالت	Specialist	سپیشلسٹ	ماہر
Mayor	میئر	صدر بلدیہ	Main Gate	مین گیٹ	مرکزی/صدر دروازہ
Fan	فین	پنکھا	Ideal	آئیڈیل	مثالی
Dealers	ڈیلرز	تاجر۔ بیوپاری۔ تھوک فروش	Location	لوکیشن	جگہ۔ مقام
Development	ڈویلپمنٹ	ترقی/ترقیاتی۔ تکمیل	Construction	کنسٹرکشن	تعمیر
Under.ground	انڈر گراؤنڈ	زیرزمین	Hospital	ہاسپٹل	ہسپتال
Sewerage	سیوریج	نکاسی (گندا پانی)	Bathrooms	باتھ رومز	غسل خانے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Central	سنٹرل	مرکزی	Air ticket	ائیرٹکٹ	ہوائی ٹکٹ
Contract	کنٹریکٹ	معاہدہ	Back Ground	بیک گراؤنڈ	پس منظر
List	لسٹ	فہرست	Spanish	اسپینش	اطالوی
Planing	پلاننگ	منصوبہ بندی	Player	پلیئر	کھلاڑی
Indian	انڈین	بھارتی	Fedrations	فیڈریشنز	تنظیمیں
Bating	بیٹنگ	بلے بازی	Return	ریٹرن کرنا	واپس کرنا
Boycott	بائیکاٹ	قطع تعلقی۔مقاطعہ	Asian	ایشین	ایشیائی
Option	آپشن	انتخاب۔اختیار۔راہ عمل	Batsman	بیٹسمین	بلے باز
Bat	بیٹ	بلا	Short	شارٹ	مختصر/چھوٹا
Accredition	ایکریڈیشن	تقرر۔نمائندگی	Coaching	کوچنگ	تربیت/تربیتی
Inquiry	انکوائری	پوچھ گچھ۔تحقیقات	Official	آفیشل	اہلکار
English	انگلش	انگریزی	Injury	انجری	چوٹ
Star	سٹار	معروف کھلاڑی/سٹار	Inter-Collegiate	انٹرکالجیٹ	بین الکلیاتی
Life Style	لائف اسٹائل	طرز زندگی	Credit	کریڈٹ	عزت۔سہرا۔فخر
Size	سائز	ناپ	Coach	کوچ	تربیت کار۔استاد
Modern	ماڈرن	جدید	Players	پلیئرز	کھلاڑی
Luxury	لگژری	پرتعیش/تکلف	Frustration	فرسٹریشن	مایوسی۔یاسیت
Kitchen	کچن	باورچی خانہ	Singals	سنگلز	واحد۔ایک ایک
Bathroom	باتھ روم	غسل خانہ	Debut	ڈیبیوٹ	اولین تعارف۔ظہور۔آغاز کار
Branded	برانڈڈ	تجارتی نشان/چھاپ والا	Cyclist	سائیکلیسٹ	سائیکل سوار
Fixture	فیکسچر	تنصیبات	Road	روڈ	سڑک
Servant	سرونٹ	ملازم۔نوکر	Park	پارک	تفریح گاہ۔سیرگاہ۔باغ
Opener	اوپنر	آغاز/ابتدا کرنے والا	Court	کورٹ	میدان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Safty Day	سیفٹی ڈے	یوم تحفظ/امن	Office	آفس	دفتر
Subject Specialists	سبجیکٹ سپیشلسٹس	ماہرین مضمون	10 AM to 6 PM		صبح ۱۰ بجے سے شام ۶ بجے
DoubleStorey	ڈبل سٹوری	دومنزلہ	Airport	ائیرپورٹ	ہوائی اڈا
Certified	سرٹیفائیڈ	سندیافتہ	Signal Free	سگنل فری	بغیراشارے کے/رکے بغیر
Teachers	ٹیچرز	اساتذہ	Drive	ڈرائیو	سڑک۔سفر۔مسافت
Professional	پروفیشنل	پیشہ ور۔ماہر	Linear	لینئر	طویل۔لمبا۔سیدھا
Consultation	کنسلٹیشن	مشاورت۔صلاح مشورہ	Main	مین	مرکزی۔صدر
Lectures	لیکچرز	درس۔اسباق۔خطاب	Boulevard	بیلوارڈ	شاہراہ۔خیابان
Ground	گراؤنڈ	میدان۔زمین	Diplomatic	ڈپلومیٹک	سفارتی
Indoor	ان ڈور	اندرونی	Encleve	انکلیو	رہائشی علاقہ۔احاطہ
Out Door	آؤٹ ڈور	بیرونی	Mega	میگا	بڑا۔کثیر
Sports	سپورٹس	کھیل	Theme	تھیم	موضوعی۔تفریحی
Concepts	کونسپٹس	تصورات	Holes	ہولز	سوراخ۔گڑھے
Church	چرچ	گرجا گھر	Course	کورس	میدان
Release	ریلیز کرنا	پہلی بار دکھانا/نمائش کرنا	Central	سینٹرل	مرکزی
Week	ویک	ہفتہ	Business	بزنس	کاروباری
Ramp	ریمپ	چڑھائی۔ڈھلان	District	ڈسٹرکٹ	علاقہ
Walk	واک	چلنا۔ٹہلنا	Train	ٹرین	ریل گاڑی
Schedule	شیڈول	جدول۔منصوبہ۔تفصیل	Tyre	ٹائر	پہیہ
Producers	پروڈیوسرز	فلم ساز۔پیش کار	Operation	آپریشن	کارروائی۔عمل
Scripts	سکرپٹس	مسودے	Checking	چیکنگ	تلاشی۔معائنہ۔جائزہ
Breast Cancer	بریسٹ کینسر	چھاتی کا سرطان	Gate	گیٹ	دروازہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Housing	ہاؤسنگ	رہائشی	Museam	میوزیم	عجائب گھر/ .[hy
General Public	جنرل پبلک	عام لوگ۔عوام الناس	Business man	بزنس مین	کاروباری آدمی
Direct	ڈائریکٹ	براہ راست۔بلاواسطہ	Comedian	کامیڈین	مزاحیہ فنکار
Allotment	الاٹمنٹ	نامزدگی۔ملکیت	Search	سرچ	تلاش۔کھوج
Commerical	کمرشل	تجارتی	Swiming	سوئمنگ	تیراکی۔پیراکی
Sale purchase	سیل پرچیز	خریدوفروخت	Boat	بوٹ	کشتی
Consent	کونسینٹ	رضامندی۔ اجازت۔منظوری	Rescuerer	ریسکیورز	نجات دہندہ
Letter	لیٹر	خط۔چٹھی۔مراسلہ	Emergency	ایمرجنسی	حادثات۔ہنگامی حالات
Part Time	پارٹ ٹائم	جزوقتی	Model	ماڈل	مثال۔نمونہ
Full Time	فل ٹائم	کل وقتی	Special Education	سپیشل ایجوکیشن	خصوصی تعلیم
Best	بیسٹ	بہترین	Center	سینٹر	مرکز
Evening shift	ایوننگ شفٹ	شام کے وقت	Rank	رینک	عہدہ
Male	میل	مرد۔حضرات	Officers	آفیسرز	افسر۔افسران
Fe-male	فی میل	خواتین۔زنانہ	Challenge	چیلنج	اعتراض۔للکار
Staff	سٹاف	عملہ	Wake-up call	ویک اپ کال	بیداری/اٹھانے کی پکار
Special	سپیشل	خصوصی	Life line	لائف لائن	زندگی کی لکیر/بچاؤ رسیہ
Discount	ڈسکاؤنٹ	رعایت۔کمی	out	آؤٹ	باہر
Fresh	فریش	تازہ۔نیا	shop	شاپ	دکان
Import	امپورٹ	درآمد	Floors	فلورز	منزلیں۔منازل
Partnership	پارٹنرشپ	حصہ داری۔شراکت	For sale	فارسیل	برائے فروخت
Building & Construction	بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن	عمارت اور تعمیر	House	ہاؤس	گھر۔مکان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Business & Profession	بزنس اینڈ پروفیشن	کاروبار اور پیشہ	For Rent	فار رینٹ	برائے کرایہ
Real Estate	رئیل اسٹیٹ	زمین کی ملکیت/غیر منقولہ جائیداد	Residencial	ریذیڈنشل	رہائشی
Inflation	انفلیشن	افراطِ زر	Health & Fitness	ہیلتھ اینڈ فٹنس	صحت وتندرستی
Association of Builders & Developers	ایسیوایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز	عمارتی ٹھیکے داروں کی انجمن	Marriage Help	میرج ہیلپ	شادی میں مدد
Contractors	کنٹریکٹرز	ٹھیکے دار	Guarantee	گارنٹی	ضمانت
Publishers	پبلشرز	ناشرین	Dent	ڈنٹ	گڑھا۔نشان۔خراش
Value	ویلیو	قیمت۔قدر	Teachers	ٹیچرز	استاد۔اساتذہ
Data	ڈیٹا	اعدادوشمار/حقائق/کوائف	Gurards	گارڈز	محافظ
Order	آرڈر	حکم۔احکام	Cook	کک	باورچی۔خانساماں
Fraud	فراڈ	دغا۔دھوکا۔فریب	Maid	میڈ	نوکرانی۔ملازمہ
Tender	ٹینڈر	پیش کش	Loan	لون	ادھار۔قرض
Notices	نوٹسز	تحریری اعلانات/اطلاعات	offer	آفر	پیشکش
Hire	ہائر کرنا	کرائے پر لینا	New Office	نیو آفس	نیا دفتر
Supply	سپلائی	فراہمی۔رسد	Urgent	ارجنٹ	فوری
Monitoring	مانیٹرنگ	نگرانی۔جانچ	Ladies Tailors	لیڈیز ٹیلر	درزنیں/خواتین درزی
Tracking	ٹریکنگ	کھوج۔سراغ	Magic Power	میجک پاور	جادوئی طاقت
Rules	رولز	اصول۔قواعدوضوابط	Pick & Drop	پک اینڈ ڈراپ	لینااور چھوڑنا (سواری)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

Rebate	ری بیٹ	کٹوتی	Deligation	ڈیلیگیشن	وفد
Flour Mills	فلورملز	آٹا پیسنے کی چکیاں/ کارخانے	Competence	کمپٹی ٹینسی	لیاقت/قابلیت
Issue	ایشوکرنا	جاری کرنا	Class I	کلاسI	درجہ اول
Share	شیئرکرنا	شریک کرنا/حصہ دار بنانا	Certificate	سٹوفکیٹ	سند
Culture	کلچر	ثقافت،تمدن	Contract	کنٹریکٹ	معاہدہ
Social Media	سوشل میڈیا	سماجی/باہمی رابطے کا ذریعہ	Regional	ریجنل	علاقائی
Rally	ریلی	اجتماع	Talent	ٹیلنٹ	جوہر قابل/صلاحیت
Agent	ایجنٹ	کارکن۔کارندہ۔گماشتہ	Hundred	ہنڈرڈ	سو
Shooting	شوٹنگ	قلم/عکس بندی	Percent	پرسنٹ	فی صد
Rescue	ریسکیو	مدد دینا۔نجات دلانا	Case	کیس	مقدمہ
Marriage Bureau	میرج بیورو	شادی دفتر	Leader	لیڈر	رہنما۔قائد
Head Quarter	ہیڈکوارٹر	مرکزی دفتر	Forces	فورسز	افواج
Category	کیٹگری	درجہ۔زمرہ	Report	رپورٹ	حقائق کا بیان
Coaching	کوچنگ	تربیتی	Army	آرمی	بری فوج
Water Park	واٹرپارک	آبی تفریح گاہ	Staff	سٹاف	عملہ
Merit	میرٹ	لیاقت	Support	سپورٹ	معاون۔مددگار
Headquarter	ہیڈکوارٹر	مرکزی دفتر	Squard	سکواڈ	سورن(کرکٹ میں)
Category	کیٹگری	درجہ۔رمزہ	Senior	سینئر	جارح
Opener	اوپنر	آغاز/ابتداکرنے والا	Court	کورٹ	میدان

اخبار میں درج انگریزی الفاظ کا صرفی سطح پر جائزہ لیں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ انگریزی الفاظ کے ساتھ ساتھ جمع بنانے کے انگریزی طریقے بھی اردو زبان میں آزادانہ استعمال کیے جا رہے ہیں جب کہ اُردو زبان کا مزاج اس نوعیت کا ہے کہ اس میں دیگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

زبانوں کے جو الفاظ داخل ہوتے ہیں ان کی تذکیر و تانیث کے تعین کے بعد ان کی جمع اُردو قاعدے ہی سے بنائی جاتی ہے اور اس سلسلے میں کسی مشکل یا دِقت کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔ اس کے باوجود انگریزی جمع کا استعمال توجہ طلب ہے۔ زیرِ مطالعہ اخبار سے ایسے کچھ الفاظ بطورِ مثال درج کیے جاتے ہیں:

گیمز، رینجرز، ججز، ریزرز، سیونگز، پلانز، گینگسٹرز، سائن بورڈز، کالجز، سٹوڈنٹس، بوائکرز، نمبرز، پارکس، ایم پی ایز، باتھ رومز، واش بیسنز، ہاسپٹلز، ڈیلرز، پلاٹس، میچز، پلیئرز، فیڈ ریشنز، سیکریٹریز، کوچز، کورسز، امپائرز، رنز، سنگلز، فلورز، جنریٹرز، ہاؤسز، اپارٹمنٹس، بیڈ رومز، سرونٹ کوارٹرز، ہولز، کیمپسز، Subject Specialists، کلاسز، ٹیچرز، پروفیسرز، لیکچرز، Concepts، پروڈیوسرز، سکرپٹس، آفیسرز، ریسکیورز، فلیٹس، شاپس، سروسز، لیڈیز، ڈرائیورز، سیکورٹی گارڈز، پبلشرز، انجینئرز، سپروائزرز، آپریٹرز، ٹینکرز، سکولز، ٹینڈرز، مینوفیکچرز، سپلائرز، سوئچز، سیلنڈرز، رولز، ملز، ڈویلپرز، بلڈرز، بروکرز، نوٹسز، کنسلٹنٹس، پلیٹ فارمز، سائیٹس۔

مذکورہ بالا انگریزی الفاظ کی جمع کے لیے اردو جمع کے طریقے سے بھی مکمل مفہوم ادا ہو جاتا ہے جیسے ڈاکٹرز نے...... (ڈاکٹروں نے...)۔ پلاٹس کی خرید و فروخت (پلاٹوں کی...)۔ جمع کے ساتھ ساتھ انگریزی افعال کو اردو مصادر کے ساتھ استعمال کیا جا رہا ہے جسے پرفارمنس چیک کرنا/ اپلائی کرنا/ ایشو کرنا/ ریلز ہونا وغیرہ۔ نیز انگریزی مرکبات و فقرات کا استعمال غور طلب ہے: ہاؤس فار سیل/ ۵ ریزرز کا اکانومی پیک/ ان ڈور اور آؤٹ ڈور سپورٹس/ سیل و پرچیز۔ اس صورت حال کا سب سے خطرناک پہلو یہ ہے کہ اب انگریزی الفاظ کو نستعلیق کے بجائے رومن رسم الخط میں لکھا جا رہا ہے۔ جیسے Apply، MCQ's، Kamal - Life Zaroori Hai لکھ کر SMS کریں۔ Concepts، 10 AM to 6 PM، Ielts میں 5.0 Bands، Subject Specialists وغیرہ وغیرہ۔ زیرِ نظر مقالے میں انگریزی کے ان الفاظ کو موضوع نہیں بنایا گیا جو اردو میں دخیل الفاظ کا درجہ پا چکے ہیں۔ یہاں فقط مستعار الفاظ پر تحقیق کی گئی ہے۔ اگر دوسروں کی راہ نمائی کے لیے اردو اخبارات اپنی تحریر میں انگریزی الفاظ کے استعمال پر نظرِ ثانی کر لیں تو اس سے اردو کی وسعت، تجربات اور پاکستانی اردو میں ایک نئے رجحان کا اضافہ ہوگا۔ ورنہ ہم آہستہ آہستہ اپنی اُردو سے دور ہوتے جائیں گے۔

حواشی:

۱۔ ڈاکٹر فرمان فتح پوری، ''تدریسِ اردو''، مقتدرہ قومی زبان پاکستان، طبع دوم، ۱۹۹۸ء، ص ۳۔

۲۔ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، ''ادب و لسانیات''، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی، ۱۹۷۰ء، ص ۷۴۔

۳۔ روزنامہ ''ایکسپریس'' اسلام آباد، اتوار، ۲۳ اپریل ۲۰۱۷ء، ص ۱۔

۴۔ ایضاً، ص ۲، ۴، ۶، ۷، ۹، ۱۰، ۱۱، ۱۲، ۱۳، ۱۸، ۱۹

۵۔ ایضاً، ص ۱۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

٦۔ ایضاً،ص۲۔
۷۔ ایضاً،ص۳۔
۸۔ ایضاً،ص۴۔
۹۔ ایضاً،ص۶۔
۱۰۔ ایضاً،ص۷۔
۱۱۔ ایضاً،ص۸۔
۱۲۔ ایضاً،ص۹۔
۱۳۔ ایضاً،ص۱۰۔
۱۴۔ ایضاً،ص۱۱۔
۱۵۔ ایضاً،ص۱۲۔
۱۶۔ ایضاً،ص۱۳۔
۱۷۔ ایضاً،ص۱۴۔
۱۸۔ ایضاً،ص۱۵۔
۱۹۔ ایضاً،ص۱۶۔
۲۰۔ ایضاً،ص۱۸۔
۲۱۔ ایضاً،ص۱۹۔
۲۲۔ ایضاً،ص۲۰۔
۲۳۔ ڈاکٹر جمیل جالبی،''قومی انگریزی اردو لغت''،مقتدرہ قومی زبان پاکستان،اسلام آباد،طبع چہارم،۱۹۹۹ء۔

Bashir A. Qureshi "Kitabistan's Composite Dictionary" Kitabistan Publishing Co. lahore, 1994

فہرستِ اسنادِ محوّلہ:

۱۔ جالبی،جمیل،ڈاکٹر:۱۹۹۹ء،''قومی انگریزی اردو لغت''،طبع چہارم،مقتدرہ قومی زبان پاکستان،اسلام آباد۔
۲۔ روزنامہ ''ایکسپریس''، اتوار،۲۳اپریل۲۰۱۷ء،اسلام آباد۔
۳۔ صدیقی،ابواللیث،ڈاکٹر:۱۹۷۰ء،''ادب ولسانیات''،اردو اکیڈمی سندھ،کراچی۔
۴۔ فتح پوری،فرمان،ڈاکٹر:۱۹۹۸ء،''تدریسِ اردو''،طبع دوم،مقتدرہ قومی زبان پاکستان۔اسلام آباد۔

Bashir A. Qureshi "Kitabistan's Composite Dictionary" Kitabistan Publishing Co. lahore, 1994

© rasailojaraid.com